Code No. **08**

Total No. of Questions : 55 ] [ Total No. of Printed Pages : 4

# March, 2009

# URDU

Time : 3 Hours 15 Minutes ] [ Max. Marks : 100

ہدایات : i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

ii) تمام سوالات کے نشانات اسکے محاذی درج ہیں۔

iii) خوشخطی اور املا کا خاص خیال رکھئے۔

I - درج ذیل سوالوں کے جواب ایک لفظ' فقرہ یا جملہ میں لکھئے: 10 x 1 = 10

1 - سپرنٹنڈنٹ نے پیڑ ہٹانے والوں کو کیوں روک دیا ؟

2 - ہونہار طلبہ کو دیکھتے تو حالی کیا محسوس کرتے تھے ؟

3 - حکیم سقراط نے کیا کہا ہے ؟

4 - ملاقات پر خاتون نے مصنف سے کس طرح معذرت کی ؟

5 - مجنونانہ جوش سے کیا مراد ہے ؟

6 - مجتبیٰ حسین کے مطابق سردی میں بڑی بحر کا شعر کیا ہوجاتا ہے اور یہ کونسا قانون ہے ؟

7 - سائنسی تعلیم کس کا لکھا ہوا مضمون ہے ؟

8 - اڈّو کو عید کا انتظار کیوں رہتا تھا ؟

9 - پنڈت ہری چند نے نئے لکھنے والوں سے کیا کہا ہے ؟

10 - شکیلہ بیگم اپنے شوہر سے کیوں الجھتی تھیں ؟

II - (الف) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے : 5 x 2 = 10

11 - حیدرآباد کے قیام کے دوران حالی سے ملنے والے نوجوان کی کس حرکت سے مولانا حالی کو کوفت ہوئی ؟

12 - میاں وہم نے مصنف کے ساتھ کیا کیا ؟

13 - جو شخص ایک بار "نہیں" کہہ دیتا ہے اس کے ساتھ کیا مشکل ہوجاتی ہے ؟

14 - مصیبتیں انسان کو کیا سبق دیتی ہیں ؟

15 - سردی کے ذریعہ امیر و غریب کو جانچنے کا پیمانہ کیا ہے ؟

[ Turn over

16- اڈّو نے خوانچہ فروش سے کیا دریافت کیا؟ اس کا اثر کیا ہوا؟

17- مرزا صاحب نے کلیم کے ذریعہ کیا منگوایا اور کیوں؟

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے: 5×2=10

18- خلد کی حوروں کی تعریف کن الفاظ میں کی گئی ہیں؟

19- فراق گورکھپوری کے مطابق انسان ہمیشہ زندہ کیونکر رہ سکتا ہے؟

20- بتائیے کہ نظم "جواب" سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

21- نئے سورج کے اُبھر آنے سے کون کونسی تبدیلیاں آئیں؟

22- شاعر کے مطابق مزدوروں اور ہنرمندوں کے ہاتھوں کس کس کی تقدیر لکھی جاتی ہے؟

23- اگر کتے سر اُٹھائیں تو کیا ہوگا؟

24- شاعر نظم "عجیب لوگ" میں کس کس قسم کے لوگوں کا تذکرہ کیا ہے؟

III- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب پانچ یا سات جملوں میں لکھئے: 2×5=10

25- دبے ہوئے آدمی کے شاعر ہونے کی افواہ پھیلتے ہی کیا ہوا؟

26- بینک مینیجر نے کھاتے کھولنے والے شخص کو کیسے راضی کیا؟

27- ثابت قدمی سے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟

28- ڈراما "الٹی ہوگئیں سب تدبیریں" کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔

IV- (الف) متن کے حوالے سے ذیل کے کسی تین جملوں کی وضاحت کیجئے: 3×2=6

29- "شاید آپ کے پاس اوڑھنے کا سامان کافی نہ ہو۔ یہ کمبل لایا تھا اور آپ کو اوڑھا رہا تھا۔"

30- "حضور، توجہ چاہتا ہوں۔"

31- "اور ہم نے لوہے کو ان کے لئے ملائم کر دیا۔"

32- "اللہ! تیرا شکر ہے میرا ایمان بچ گیا۔ موز کھا لیتا تو اماں انگلی چھین لیتی۔"

33 "ارے میاں مرزا تم اس طرح آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہے ہو جیسے ہمارے سروں پر سینگ نکل آئے ہیں۔"

(ب) 34- درج ذیل الفاظ و مرکبات اور محاوروں میں سے کسی چار کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے: 4×1=4

خوشنما - خواہش - بادلِ ناخواستہ - چراغ گل ہونا -
پیٹ میں چوہے دوڑنا - دونوں ہاتھوں سے لٹانا -

V- (الف) 35- درج ذیل کی صرف ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: 1×6=6

(i) وردِ فراق (ii) ایک چہلم بر (iii) علی بن متقی رویا

(ب) ذیل کے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے :

$5 \times 2 = 10$

36- کہاں میخانے کا دروازہ غالب اور کہاں واعظ
پر اتنا جانتے ہیں کل وہ جاتا تھا کہ ہم نکلے

37- اس نازنین نے جب سے کیا ہے وہاں قیام
گلزار بن گئی ہے زمینِ دکن تمام

38- تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

39- ہم کو مٹا سکے یہ زمانے میں دم نہیں
ہم سے زمانہ خود ہے زمانے سے ہم نہیں

40- سوزِ غم سے نہ ہو جو مالا مال
اس کو سچی خوشی نہیں ملتی

41- جی چاہتا تو بیٹھتے یادوں کی چھاؤں میں
ایسا گھنا درخت بھی جڑ سے اکھڑ گیا

42- یہی ہے زندگی کچھ خواب چند امیدیں
انہیں کھلونوں سے تم بھی بہل سکو تو چلو

(ج) ذیل کی کسی ایک رباعی کا مفہوم لکھئے :

$4 \times 1 = 4$

43- آرام بھی ہے جہاں میں آزار بھی ہے
ہے امن و امان بھی اور پیکار بھی ہے
راحت کے ساتھ رنج بھی ہیں موجود
سچ ہے کہ جہاں گل ہے وہاں خار بھی ہے

44- مفلس ہوں نہ دولت ہے نہ سرمایہ ہے
مجھ سے کیا پوچھتا ہے کیا لایا ہے
یارب تیری رحمت کے بھروسے امجد
بند آنکھ کئے یوں ہی چلا آیا ہے

VI- 45- مندرجہ ذیل میں سے صرف چار الفاظ کے مترادفات لکھئے :

$4 \times \frac{1}{2} = 2$

تعطیل - نشاط - چشم - محبت - حجاب - جنت

46- مندرجہ ذیل میں سے صرف چار کے اضداد لکھئے :

$4 \times \frac{1}{2} = 2$

فنا - جنگ - مصیبت - کاہلی - شعلہ - عداوت

47- مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے :

$1 \times 2 = 2$

تشبیہ - مبالغہ

48- مندرجہ ذیل میں سے صرف دو کی تعریف کیجئے :

$2 \times 1 = 2$

حمد - غزل - مرثیہ

49- مندرجہ ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے دو دو مرکبات بنائیے :

$4 \times \frac{1}{2} = 2$

[بد ، پر] [دان ، گاہ]

VII - (الف) 50 - مندرجہ ذیل مضمون کو غور سے پڑھئے اور اسکے نیچے لکھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے : 5 × 1 = 5

" سقراط 469 قبل مسیح ایتھنز میں پیدا ہوا۔ اس کا باپ سنگ تراش تھا اور ماں دائی تھی۔ ماں باپ نے بیٹے کو علم ہندسہ، فلکیات، موسیقی اور پہلوانی کی تعلیم دلائی۔ یونان میں انہی علوم کا رواج تھا۔ اس کی زندگی بے حد سادہ تھی، اُسے آرام و آسائش کے سامانوں سے نفرت تھی۔ وہ صرف ایک کپڑا پہنتا تھا اور موٹا جھوٹا کھانا کھاتا۔ اس کی زندگی کا صرف یہ مقصد تھا کہ علم پھیلایا جائے، اس کا اعتقاد تھا کہ علم ہی سے اخلاقی کردار پیدا ہوتا ہے۔ اس کا اصول یہ تھا، " نیکی علم ہے۔ بدی جہالت ہے"

سوالات : i) سقراط کب اور کہاں پیدا ہوا ؟

ii) ماں باپ نے سقراط کو کونسی تعلیم دلائی ؟

iii) سقراط کی زندگی کیسی تھی ؟

iv) سقراط کی زندگی کا مقصد کیا تھا ؟

v) اس کا اعتقاد کیا تھا ؟

(ب) 51 - کالج میں اپنی نمایاں کارکردگی کے تعلق سے والد کے نام ایک خط لکھئے۔ 5

VIII - 52 - ذیل کے کسی دو ضرب الامثال کو مکمل کیجئے : 2 × 1 = 2

i) جو گرجتا ہے وہ ............... نہیں۔

ii) بلی کے ............ چھینکا ٹوٹنا۔

iii) جس کی ........... اس کی بھینس۔

53 - ذیل کے کسی ایک شعر میں تلمیح کی نشاندہی کیجئے اور اس میں کس واقعہ کی طرف اشارہ ہے، وضاحت کیجئے۔ 1 × 2 = 2

i) نارِ نمرود کو کیا گلزار
دوست کو یوں بچالیا تو نے

ii) موسیٰ کو تیرے حکم سے دریا نے راہ دی
فرعون کو تو نے غرق کیا رودِ نیل میں

54 - ذیل کے کسی دو جملوں کو شائستہ زبان میں لکھئے : 2 × 1 = 2

i) کھانا کھاے کو اسکول کو سیدا چلے جا۔

ii) اب کبکو وہاں جا ریں سو۔

iii) میں کتا بولی تو میری بات مانیا چ نہیں۔

55 - درج ذیل جملوں کو اُردو میں ترجمہ کیجئے : 4 × 1 = 4

i) As you sow, so you reap.

ii) Jeweller knows the value of diamond.

iii) Life is a journey, complete it.

iv) Aristotle led a very simple life.